© rasailojaraid.com



# شذراتِ علمیہ

ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری

الولی میں نقد و تبصرہ کے لیے بہت کم حضرات اپنی کتابیں بھیجتے ہیں لیکن اگر کوئی کتاب آتی ہے تو اس پر تبصرہ ضرور کیا جاتا ہے کہ یہ ایک اخلاقی فریضہ ہوتا ہے لیکن بہت سی ایسی کتابیں اور رسائل کے خصوصی نمبر بھی شائع ہوتے ہیں کہ جو اگر تبصرے کے لیے نہ آئیں تب بھی ان کے موضوع کی اہمیت تصنیف و تحقیق کی نوعیت اور قارئین الولی کے لیے علمی معلومات کی فراہمی کی ضرورت کا تقاضا ہوتا ہے کہ اس قسم کے علمی کاموں کا قارئین کرام سے تعارف ضرور کرایا جائے۔ اسی ضرورت کے تحت "شذراتِ علمیہ" کا ایک سلسلہ شروع کیا جاتا ہے ضروری نہیں کہ ہر ماہ اس سلسلے میں ہر ماہ کسی اہم علمی، تاریخی، سیاسی کتاب کا یا کسی رسالے کے خصوصی نمبر کا تعارف کرایا جائے لیکن اس قسم کی جب ایک دو چیزیں آئیں گی تو ان کا تعارف کرادیا جائے گا۔

## ۱ الحق، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نمبر

الحق کے نام سے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا ایک علمی و تعلیمی ماہنامہ گزشتہ ۲۸ سال سے نکل رہا ہے حال ہی میں اس نے دارالعلوم حقانیہ کے بانی شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کی یاد میں ایک ضخیم خصوصی نمبر شائع کیا ہے۔ جس میں حضرت شیخ الحدیث کی زندگی، شخصیت، افکار و افادات، خدماتِ دینی و سیاسی کا تعارف اور دارالعلوم کے قیام کی تاریخ اور اس کے فیضان علمی و دینی کا تذکرہ ہے۔ یہ نمبر ۲۱ ابواب پر مشتمل ہے اور ملک و بیرون ملک کے مشاہیر و اکابر علم و اصحاب قلم کے سینکڑوں مضامین نظم و نثر اور نوادرِ علمیہ کا جامع ہے سائز ۸×۱۱ انچ اور صفحات کی تعداد ۱۲۰۰ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ۲ نقیب ختم نبوت (ملتان)

### امیرِ شریعت عطاء اللہ شاہ بخاری نمبر

ملتان سے نقیب ختم نبوت کے نام سے ایک ماہنامہ ایک مدت سے حضرت امیرِ شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے خانوادۂ علمی و دینی کے بعض افراد نکال رہے ہیں۔ اس ماہنامہ کا حال ہی میں "امیرِ شریعت عطاء اللہ شاہ بخاری" نمبر شائع ہوا ہے جس کا سائز ۲/۱×۶ × ۱۰، صفحات ۶۴۰ اور ۱۶۰ مضامین نظم و نثر کا مجموعہ ہے لکھنے والوں میں ہندوستان اور پاکستان کے اہل علم و نظر شامل ہیں۔ حضرت امیرِ شریعت اپنے عہد کے عظیم ترین خطیب تھے لیکن وہ ایک بلند پایہ فقیہہ، اعلیٰ درجے کے مفسر، عالم دین، اردو فارسی کے شاعر اور بے شمار ذہنی و فکری کمالات اور دماغی صلاحیتوں کی حامل شخصیت تھے۔ لیکن ان کے بیشتر کمالات اور فضائل و محاسن پر ان کی خطابت نے پردہ ڈال دیا تھا کوئی خصوصی نمبر موضوع علیہ پر ایک جامع علمی و تحقیقی تصنیف کی ضرورت کو پورا نہیں کرتا، لیکن شورش کاشمیری، مرزا جانباز کی تصانیف اور اس نمبر میں ہر قسم کا ایک جامع شخصیت کے ہر پہلو پر اتنا جامع اور گوناگوں مواد جمع ہوگیا ہے کہ اس سے کام لے کر ایک جامع علمی، تحقیقی تصنیف تیار کی جاسکے۔

مضامین حضرت امیرِ شریعت کی زندگی، سیرت، خدمات اور علم و فضل کے مختلف پہلوؤں پر بیش و کم یا اختصار و تفصیل کے ساتھ شامل ہیں۔ اس کے مرتب سید محمد کفیل بخاری اور سید محمد ذوالکفل بخاری ہیں۔ مرتبین کے پیش نظر ایک اور خصوصی شمارے کی اشاعت کا منصوبہ بھی ہے۔

## ۳ علمائے حق اور اُن کے مجاہدانہ کارنامے

مولانا محمد میاں کی "تالیف "علمائے ہند کا شاندار ماضی" جو چار جلدوں پر مشتمل ہے۔ کسی تعارف کی محتاج نہیں، ایک اور کتاب جو دو جلدوں پر مشتمل ہے موجودہ زمانے کے علماء اور اُن کے سیاسی و ملی کارناموں کے تعارف میں تھی۔ جس کا نام "علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے" تھا۔ اس کا صرف

© rasailojaraid.com